نہیں ہے۔ اس سوال کا جواب اس کتاب میں دیا گیا ہے۔ جواب کوئی سرسری جواب نہیں ہے، بلکہ مولینا نے تقسیم ہند کے بعد پیدا ہونے والی صورت حالات کا پورا پورا جائزہ لیا ہے، مسلمانوں میں جو کمزوریاں اس موقع پر ابھر کر سامنے آگئی ہیں ان کو اجتماعی نفسیاتی تجزیہ کر کے پیش کیا ہے، ان تمام مشکلات پر گفتگو کی ہے جو مسلمانوں کو درپیش ہیں اور جن کی وجہ سے حوصلے پست ہو گئے ہیں۔ اس جائزہ کے بعد موجودہ حالات کے پس منظر میں جا کر مسلمانوں کے مستقل امراض ملّی اور ان کے علاج کی دشواریوں پر بحث کی ہے۔ پھر صحیح علاج سامنے رکھا ہے اور وہ یہ ہے کہ مسلمان "شہادت حق علی الناس" کے منصب پر اپنے آپ کو بحال کریں۔ پھر شہادت حق کی حقیقت اور شہادت حق کے تقاضے پیش کر کے اس کے ہمہ گیر اور دور رس فوائد کا تصور دلایا ہے۔ آخر میں ان مشکلات کو لیا ہے جو دور حاضر میں اور خصوصاً ہندوستان کے حالات میں "شہادت حق" کا فریضہ انجام دینے میں رکاوٹ بن سکتی ہیں۔ ساتھ کے ساتھ ان موانع سے عہدہ برآ ہونے کی تدابیر بھی پیش کر دی ہیں۔

ہندوستان کے مسلمان تو اس کتاب کے براہِ راست مخاطب ہیں لیکن دینی لحاظ سے یہ پاکستان کے مسلمانوں کے لئے بھی بصیرت افروز ہے۔

مقالات صارم | مجموعہ مقالات از جناب عبدالصمد صاحب صارم۔ فاضل الجامع الازہر (مصر) استاذ عربی و فارسی اورینٹل کالج، لاہور۔ شائع کردہ: ادارہ علمیہ، دھنی رام روڈ متی انارکلی لاہور۔ قیمت مجلد: ۵؍ (غیر مجلد ۴؍)

جناب صارم صاحب کے یہ مقالات مختلف تاریخی اور معلوماتی موضوعات پر وقتاً فوقتاً اخبارات وجرائد میں شائع ہوتے رہے ہیں۔ ان میں سے کچھ خود نوشت ہیں اور کچھ ترجمہ و تلخیص۔ اس مجموعے میں مقصدیت کچھ ہو یا نہ ہو، معلوماتی لحاظ سے افادیت ضرور ہے۔

اسلام اور فطرت | تالیف پروفیسر شیخ عبدالعزیز شاویش (مصری)، اردو ترجمہ از ابو تمکین افتخار احمد۔ شائع کردہ: عباسی کتب خانہ۔ کراچی۔ قیمت مجلد مع رنگین گردپوش ۸؍

اصل کتاب عربی میں ہے اور اس کے لکھنے کے لئے دشمن اسلام مستشرق کاؤنٹ ہنری دی کاسٹری